# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 20 فروری 2017ء بمطابق 22 جمادی الاوّل 1438 ہجری بعد از دوپہر چار بجکر پچپن منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

مَن كَانَ يَرۡجُواْ لِقَآءَ ٱللَّهِ فَإِنَّ أَجَلَ ٱللَّهِ لَأَتٍۚ وَهُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلۡعَلِيمُ O وَمَن جَـٰهَدَ فَإِنَّمَا يُجَـٰهِدُ لِنَفۡسِهِۦٓۚ إِنَّ ٱللَّهَ لَغَنِىٌّ عَنِ ٱلۡعَـٰلَمِينَ O وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنۡهُمۡ سَيِّـَٔاتِهِمۡ وَلَنَجۡزِيَنَّهُمۡ أَحۡسَنَ ٱلَّذِى كَانُواْ يَعۡمَلُونَ۔

(ترجمہ): جو شخص خدا کی ملاقات کی اُمید رکھتا ہو خدا کا (مقرر کیا ہوا) وقت ضرور آنے والا ہے۔ اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔ اور جو شخص محنت کرتا ہے تو اپنے ہی فائدے کے لئے محنت کرتا ہے۔ اور خدا تو سارے جہان سے بے پرواہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ہم ان کے گناہوں کو اُن سے دور کر دیں گے اور ان کو ان کے اعمال کا بہت اچھا بدلہ دیں گے۔ وآخِرُالدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں: سردار اورنگزیب نلوٹھا، سارے سیشن کیلئے، اعظم خان درانی 20 فروری، افتخار مشوانی، حیدر علی، مشتاق احمد غنی، میاں ضیاءالرحمان، الحاج صالح محمد، الحاج ابرار حسین، عبدالکریم خان میڈم رقیہ حناء، منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

## مسند نشین حضرات کی نامزدگی

Mr. Speaker: ‘Panel of Chairmen’: In pursuance of sub-rule (1) of rule 14 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby nominate the following Members, in order of priority, to form a ‘Panel of Chairmen’ for the current session:

1. Mr. Mehmood Jan;
2. Mr. Wajih-uz-Zaman;
3. Mr. Fakhr-e-Azam Wazir; and
4. Mr. Jafar Shah.

## عرضداشتوں کے بارے میں کمیٹی کی تشکیل

Mr. Speaker: ‘Committee on Petitions’: In pursuance of rule 116 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby constitute a ‘Committee on Petitions’ comprising the following Members, under the Chairpersonship of Dr. Mehr Taj Roghani, Deputy Speaker:

1. Mr. Mehmood Jan;
2. Mr. Jafar Shah;
3. Mr. Wajih-uz-Zaman;
4. Ms: Naseem Hayat;
5. Mufti Fazal Ghafoor; and
6. Mr. Bakht Baidar.

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی، میڈم۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سر! شکریہ۔جناب سپیکر! Emotional تھی،اسلئے آپ کی طرف توجہ نہ دے سکی، میں قرآن مجید کا ترجمہ بھی اور پھر اس کے بعد یہ چھٹی کی درخواست بھی کیونکہ جو کچھ آج کل حالات کے مطابق ہو رہا ہے، پچھلے تقریباً کوئی پانچ چھ دنوں میں جو نو دھماکے ہوئے ہیں، جن میں تقریباً پانچ سو، چھ سو تک جانیں ضائع ہوئی ہیں اور آج بنوں میں جو دھماکہ ہوا سیہون شریف میں، لاہور میں، کوئٹہ میں اور Throughout پاکستان میں دھماکے ہوئے ہیں اور اس میں قیمتی جانیں بے گناہ لوگوں کی لی گئی ہیں، ان درندوں نے، ان دہشتگردوں نے جو کہ نہ مسلمانی کی زمرے میں آتے ہیں اور نہ ہی انسانیت کی زمرے میں آتے ہیں، تو جناب سپیکر صاحب! ہم ان دھماکوں کی مذمت بھی کرتے ہیں اور ہم ان لوگوں کو یہ بھی کہتے ہیں کہ کتنی جانیں شہید کروگے اتنے ہی لوگ جو ہیں (مداخلت) تو جتنی جانیں شہید کرو گے، کیونکہ اگر سیہون شریف میں ایک دن لہو بہا تو دوسرے دن پھر دھمال شروع ہو گئی، تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ ہمارے پولیس افسران کی جانیں، ہماری فورسز کی جانیں، ہمارے بے گناہ لوگوں کی جانیں جو آپ لوگ شہید کر رہے ہو، تو اس سے پاکستان کے لوگوں کو کوئی فرق نہیں پڑتا اور اس میں میں صرف دو باتیں کروں گی، ایک بات تو یہ ہے کہ نیشنل ایکشن پلان بالکل کام نہیں کر رہا، یہ میرا مطالبہ ہو گا، کیونکہ یہ اس وقت میں نے تحریک التواء جمع کرائی ہے لیکن شاید وہ کسی وجہ سے نہیں آسکی ہے، اسی میں میں نے یہ بات بھی کی ہوئی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ پارلیمنٹری کمیٹی جو سیکورٹی پہ بنی تھی، اس کو بحال کیا جائے اور جناب سپیکر صاحب! ایک متفقہ قرارداد آنی چاہیئے کہ جو ملٹری کورٹس ہیں جو کہ 2014 میں بنی تھیں، اس پہ کیوں Delay ہو رہا ہے؟ جب تک ملٹری کورٹس نہیں بنیں گی اور جب تک ملٹری کورٹس صحیح طریقے سے اپنا کردار ادا نہیں کریں گی تب تک یہ دہشتگردی بڑھتی چلی جائے گی کیونکہ ہماری افواج پاکستان ضرب عضب پہ کام کر رہی ہے لیکن بعد میں جو Space ملتی جا رہی ہے اور جناب سپیکر صاحب! ہماری دھرتی میں یہ جو کچھ ہو رہا ہے، یہ افغانستان کی سرزمین پہ انڈیا کروا رہا ہے اور میں یہاں سے مطالبہ کرتی ہوں کہ کنڑ میں بیٹھے ہوئے لوگ اور افغانستان میں ہمارے 76 لوگوں کی جو لسٹ دی گئی ہے، وہ میں یہاں اس اسمبلی سے مطالبہ کرتی ہوں وزیر خارجہ سے، ہمارے پرائم منسٹر آف پاکستان سے، ہماری افواج پاکستان کے لیڈر نے، افواج پاکستان کے کمانڈر نے ان سے بات بھی کی ہے اور 76 لوگوں کی جو لسٹ ان کو دی گئی

ہے، تو مہربانی کر کے افغانستان کے جو لیڈر ہیں، افغانستان کے وہاں پہ جو کمانڈر ہیں، وہ یا تو وہ 76 لوگ ہمارے حوالے کریں اور یا وہاں پہ ان کو مار دیں، کیونکہ وہ کنڑ میں بیٹھ کے، قندھار میں بیٹھ کے وہاں انڈیا کی فنڈنگ سے، باہر کی فنڈنگ سے ہمارے ملک میں بے گناہ لوگوں کو شہید کر رہے ہیں، ورنہ جناب سپیکر! ہمیں اقوام متحدہ سے بات کرنی چاہیئے، اس میں ہمیں فارن کے جو ہمارے دوسرے لوگ ہیں، ان سے بات کرنی چاہیئے۔ میری تحریک التواء اسی بات پہ تھی کہ ہم اس پہ متفقہ طور پہ قرارداد لاتے لیکن ابھی اسمبلی اور چلنی ہے اور میری تحریک التواء اس میں آنی ہے، تو اس پہ پھر سارے لوگ بات کریں گے، اسی پہ متفقہ قرارداد لائیں گے۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: میں مفتی جانان صاحب سے یہ ریکویسٹ کروں گا کہ جتنے بھی یہاں دھماکے ہوئے اور ہمارے پاکستانی بھائی اس میں شہید ہوئے، ان کیلئے دعا کریں۔ مفتی سید جانان صاحب! پلیز۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: جی۔

جناب محمود جان: جناب سپیکر!

مفتی سید جانان: یو خو خبره کوم سر! که اجازت مو راته را کړو ؟

جناب محمود جان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ایک منٹ، ایک منٹ، یہ بات کرلے، مفتی جانان صاحب، اس کے بعد آپ، اس کے بعد سردار حسین، جی۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! زه صرف مختصره غونډې خبره کوم، هغه خبره دا ده چې دغه ټول ایوان کښې ناست ملګرو ته بلکه د دغه ټولې صوبې خلقو ته د دې حالاتو او د تکلیف پته ده خو د اپوزیشن جماعتونو دې وخت کښې ولې دا اجلاس بیا راوغوښتو ؟ جناب سپیکر صاحب! دا دیارلس نکاتی ایجنډا ده، زه بحث نه کوم، تفصیل نه بیانوم خو دا چې حکومت کښې کوم ناست کسان دی، دا به هغوی ته ستاسو په وساطت باندې زما ګزارش وی چې دا ملګری مایوسه شی، د مایوسئ نه بعد مطلب دا دے چې داسې یو اقدام اوکړی۔ جناب سپیکر صاحب! دغه اسمبلئ کښې درې موقعې

مونږ داسې اولیدلې، این ایف سی ایوارډ باندې تاسو مونږ ته دلته کتابونه کښیودل چې په دې به بحث کوؤ، حکومت کورم نشو پوره کولې، لاړو هغه بحث ختم شو، دوباره بیا ایجنډا تقسیم شوه، هغې کښې دا بحث شامل وو، بیا حکومت هغه خبره پریښنوده، په دریم ځل بله ورځ ټولو ملګرو د خپلو خلقو درد راؤړو، دلته ئې د حکومت مخې ته کښیښنودلو خو حکومت ته ئې بیانولو، حکومت، تاسو هغه اجلاس نیمه کښې مات کړو، هیڅا خبره هم وانؤریدله، جناب سپیکر صاحب! مونږ مایوسه یو، مونږ حالاتو نه هم مایوسه یو، مونږ د حکومت نه هم مایوسه یو، د ممبر هیڅ څه حیثیت نه دے پاتې، د ممبر نه کونسلر ښه دے، د کونسلر به عزت وی، زمونږ عزت نشته او دغه منسټران حضرات ځنې خبرې خو وزیر اعلیٰ صاحب ته، هغه ته الله رب العالمین لوئې مقام ورکړے دے، هغه سره تړلی دی خو د دغه منسټرانو دفترو ته به مونږ څلور څلور ځل تلې یو، زمونږ به قانونی حق وی، زمونږ به آئینی حق وی، زمونږ به د مسلمانئ حق وی، زمونږ به د یو ایم پی اے په حیثیت باندې حق وی، جناب سپیکر صاحب! څوک هم زمونږ خبرو ته توجه نه ورکوی۔ زما به دا ګزارش وی، د دغه صوبې یو روایات دی، هغه روایات مه خرابوئ، دلته د ممبر یو قدر وو، زه دا ګورم چې دغه موجوده حکومت د ممبر قدر ختموی، نن یو ډائریکټیو جاری شی چې دا سکیمونه ورکړئ، بیا سبا اته بجې هغې پسې بله ډائریکټیو راشی چې دا سکیمونه مه ورکوئ، فلانی ته ئې ورکړئ، فلانی ته ئې مه ورکوئ۔ برائے خدا یا خو که تاسو دې حکومت پورې تنګ یئ، مونږ پورې تنګ یئ، اپوزیشن ملګرو پورې تنګ یئ، مونږ ته یوه لاره اوښایئ چې تاسو په دې طرف لاړ شئ، تاسو پوهه شئ او حکومت مو پوهه شه، اصلاحات مو پوهه شه، ترجیحات مو پوهه شه چې څنګه ئې چلولې شئ، هم هغه رنګ ئې اوچلوئ او که نه وی نو بیا جولئ درته غوړوم، مونږ خو داسې خلقو کښې اوشرمیدو، زمونږ خو عزت پاتې نشو، چا سره خبره نشو کولې، درته وائی چې پرون مو اعلان نه وو کړے ؟ سکیمونه پاتې دی، جناب سپیکر صاحب! د 13-2012 او 14-2013 والا سکیمونه اوسه پورې پاتې دی، پیسې نه ورکوی، زما به دا درخواست وی دغه حکومت ته ستاسو په وساطت باندې چې په دغه ایجنډا به ان شاء الله په یوه یوه نکته باندې به مونږ

بحث کوؤ خو د اپوزیشن ملگری تاسو مونږ دیوال سره مه لگوئ، که جمهوری خلق یئ او که جمهوری حسن گنړئ، که دا گنړئ چې اپوزیشن به زما د اصلاح د پاره خبره کوی جناب سپیکر صاحب! بیا مونږ دیوال سره مه لگوئ گنې بیا ان شاء اللّٰه مونږ خو به په قلاره نه کښینو خو بیا به حکومت هم په قلاره نه کښینی، مونږ ته کمزورئ هم معلومې دی، مشکلات هم معلوم دی، مونږ ته ټولې خبرې معلومې دی، بیا به ئې په ډاگه دلته راؤړو او یوه یوه خبره به کوؤ، بس زه په دغه خبرو باندې خپله اکتفاء کوم۔ وآخِرُالدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

<u>جناب سپیکر:</u> *جی محمود خان! محمود خان، محمود جان۔*

<u>جناب *محمود جان*:</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه سپیکر صاحب! زمونږه آواز وو انصاف، سر! په دیکښې زما د پی ټی آئی ورکر ته انصاف نه ملاویږی، په چارسده کښې زما د پی ټی آئی ورکر ته انصاف نه ملاویږی، په پیښور کښې مونږ ایم پی اے گان یو، په پیښور کښې زما د پی ټی آئی ورکر ته انصاف نه ملاویږی، نو زه به د چا نه انصاف غواړم؟ سر! که ډیویلپمنټل فنډ وی، که نوکرئ وی او که هر یو شے وی، په دیکښې زه گوته نشم وهلې، زما د پی ټی آئی ورکر دے ځکه چې هغه د جماعت اسلامی د حلقې دے سر! *(تالیاں)* په چارسده کښې زه نشم وئیلې ځکه چې هغه د قومی وطن پارټئ د حلقې دے سر! او په پیښور کښې زه گوتې نشم وهلې چې منسټران دی سر! هغه هم راځی پخپل کسانو او حلقو والا او مونږ ئې تباه کړو سر! *(تالیاں)* نو دا د کوم ځائې انصاف دے؟ سر! زه د چا نه تپوس اوکړم؟ ما ته خپلې حلقې والا وائی چې ته مونږ د اسمبلئ دې فلور ته د څه د پاره لیږلې ئې؟ چې زه خپل حق نشم غوښتې سر! ما سره زیاتې کیږی، یو څلور پینځه منسټران دی چې مزې کوی، پوستونه هم خپلو کښې بدلوی رابدلوی، مونږه چا سره خبره اوکړو سر! *(تالیاں)* دا د کوم ځائې انصاف دے سر! چې کوم د خان صاحب ویژن وو، چې کوم خان صاحب سوچ کړے وو، هغه ویژن زما پی ټی آئی والا ئې نه Follow کوی نو بل به ئې څه Follow کړی سر؟ سر! زه۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> *شکریہ۔*

جناب محمود جان: سر! چې دا کوم حالات خراب روان دی، نو زه کیدې شی چې دې خبرې ته مجبوره شم چې تاسو له استعفیٰ درکړم او د اسمبلئ د رکنیت نه لاړ شم سر! ځکه چې زما دا کرسئ نه ده پکار، زما خپل عوام پکار دی، زه د خپلو عوامو د پاره دلته راغلے یم، (تالیاں) چې زه د هغوی حق نشم غوښتې نو زما د دې کرسئ ضرورت نشته، تر څو پورې چې ما ته خپل حق نه ملاویږی، زه کیدې شی چې تاسو ته رجوع اوکړم او تاسو له خپله استعفیٰ درکړم، زه لاړم والسلام۔

(اس مرحلہ پر معزز رکن، اسمبلی رکنیت سے مستعفی ہونے کا کہہ کر احتجاجاً ایوان سے چلے گئے)

(شور)

جناب سپیکر: جی سردار حسین صاحب! سردار حسین بابک! سردار حسین بابک!

(شور)

جناب سپیکر: ایک منٹ، سردار حسین بابک!

(شور)

جناب سپیکر: سردار حسین!

(شور)

جناب سپیکر: سردار حسین!

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب، سپیکر صاحب! ما-----

(شور)

جناب سپیکر: سردار حسین صاحب!

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب سردار حسین: جناب سپیکر صاحب! میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ Rule 240 کے تحت Rule 124 کو معطل کیا جائے، میں ایک قرارداد پیش کرنا چاہتا ہوں، ذرا Rules relax ہوں تو-----

(شور)

جناب سپیکر: سردار حسین صاحب!

(شور)

جناب سپیکر: پلیز پلیز، سردار حسین بابک!

(شور)

جناب سپیکر: سردار حسین بابک! پلیز۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر صاحب! زه ریکویسټ کوم چې د Rule 240 د لاندې Rule 124 معطل کړه۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule 124, may be relaxed under rule 240, to allow the honourable Member, to move his resolution? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Please Babak Sahib!

جناب سردار حسین: شکریہ، جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

جناب محمد عارف: جناب سپیکر صاحب! زما یو خبره ده۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یو منټ، یو منټ، دا ریزولیوشز پاس کړئ۔

## قرار دادیں

جناب سردار حسین: ہر گاہ کہ ملک کے طول و عرض میں دہشتگردی کے واقعات اور قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے، دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے واقعات لمحہ فکریہ ہیں اور سارے ملک میں خوف و دہشت کا ماحول ملک کی سلامتی اور پر امن شہریوں کیلئے عدم تحفظ کا سبب ہے، دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے واقعات پر قابو پانے کیلئے تمام ریاستی اداروں کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے ان کے محرکات اور اسباب کو سامنے لاتے ہوئے اس مسئلے کے دیرپا حل کیلئے مشترکہ طور پر کمر بستہ ہونا ہوگا، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ دہشتگردی کی لعنت کا قلع قمع کرنے اور عوام کے جان و مال کی حفاظت کیلئے صوبائی اور وفاقی حکومت مشترکہ طور پر سنجیدہ اقدامات اٹھائیں تاکہ عوام کے ذہنوں میں دہشتگردی کی وجہ سے پایا جانے والا خوف اور بے چینی ختم ہو سکے۔

جناب سپیکر: په دې باندې دستخطې تاسو سره بل چا کړی دی، سائن؟

جناب سردار حسین: زما دا خيال دے، دا خو مشترکه مسئله ده او سائن ئې خو نه دی کړی خو زه به ریکویسټ ټول هاؤس ته کوم چې دا خو اجتماعی مسئله ده۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تاسو عاطف خان! Please concentrate ستاسو دا ریزولیوشن دے۔

جناب سردار حسین: د دهشتگردئ مسئله ده، مذمتی قرارداد دے، ملک کښې چې څومره دهشتگردی شوې ده، مذمتی قرارداد دے۔۔۔۔۔

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: اوکے، راکړه دا به بس هاؤس ته Put کړو۔

جناب سردار حسین: په دې باندې به یو خبره کوم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر صاحب! تھینک یو، میرے خیال میں سارے ہاؤس کے علم میں ہے اور ذکر بھی ہوا مجھ سے پہلے کہ دہشتگردی کے واقعات میں جو اضافہ ہوا ہے، پچھلے چالیس سال سے ہم یہ دیکھ رہے ہیں، ہم یہ سن رہے ہیں کہ افغانستان اور پاکستان دونوں ممالک، دونوں ریاستیں دہشتگردی کی زد میں ہیں، نرغے میں ہیں اور یہ بھی بہت بڑی بدقسمتی ہے کہ پاکستان میں کوئی واقعہ ہوتا ہے، افغانستان پر الزام لگاتے ہیں، افغانستان میں اس طرح کا کوئی واقعہ ہوتا ہے تو پاکستان پر الزام لگاتے ہیں اور الزامات کا یہ نہ ختم ہونے والا سلسلہ جاری ہے۔ میرے خیال میں اب وقت آ گیا ہے کہ دونوں ممالک، دونوں ریاستیں، دیکھا جائے تو پاکستان کو بھی دہشتگردی نے بے پناہ نقصان پہنچایا ہے، افغانستان کو بھی دہشتگردی نے بے پناہ نقصان پہنچایا ہے اور دونوں ریاستیں اسی چیز پر متفق ہیں کہ دونوں کا جو مشترکہ دشمن ہے، وہ دہشتگرد ہیں، وہ دہشتگردی ہے، لہذا ہم یہ بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ دونوں ریاستوں کو مل بیٹھنا چاہیئے، ایک دوسرے کو اعتماد دینا چاہیئے، الزامات کا یہ سلسلہ ختم ہونا چاہیئے، میرے خیال میں آج یہ Layman بھی کہہ سکتا ہے کہ ریاستیں اتنی کمزور نہیں ہوتی ہیں لیکن بدقسمتی سے دونوں ممالک میں شخصی ملیشا موجود ہے، لوگوں نے اپنی فوجیں بنا رکھی ہیں، اب یہ عجیب منطق ہے دونوں ریاستوں میں ریاست کی موجودگی میں، ریاست کے

آئینی اور قانونی ادارے موجود ہوتے ہیں، اب جس کو ہم Proxy War کہتے ہیں، جن لوگوں کو ہم Non-state Actors کہتے ہیں، وہ دونوں ریاستوں میں موجود ہیں، لہذا پاکستان اور افغانستان کے جو عوام ہیں، میرے خیال میں اس مسئلے سے انہوں نے بہت زیادہ نقصان اٹھایا ہے، لہذا دونوں ممالک کو بیٹھنا چاہیئے اور میں یہ بھی ریکویسٹ کروں گا سپیکر صاحب! آپ سے کہ اس سارے ہاؤس کو In camera briefing دیں، جب سیشن ختم ہو جائے کیونکہ ابھی جو حالات بن رہے ہیں، میرے خیال میں دہشتگردوں نے ایک پیغام ہمیں دیا ہے سارے پاکستان کو، ایک صوبے میں دھماکہ ہوا، دوسرے صوبے میں دھماکہ ہوا، تیسرے صوبے میں دھماکہ ہوا، فاٹا میں دھماکے ہوئے ہیں، لہذا بجائے اس کے کہ ہم ریاستی سطح پر، حکومتی سطح پر، عوامی سطح پر اگر مشتعل ہوں، ایک دوسرے پر الزامات لگائیں گے، میں یہ سمجھتا ہوں، عوامی نیشنل پارٹی یہ سمجھتی ہے کہ ریاستی سطح پر، حکومتی سطح پر، عوامی سطح پر دونوں جو ممالک ہیں، افغانستان اور پاکستان بہترین دوست بن سکتے ہیں، ایک دوسرے کو اعتماد دینا چاہیئے۔ ہمارا یہ مطالبہ ہے کہ دونوں ممالک کی جو ریاستیں ہیں، ریاستی ادارے ہیں، اس ناسور سے چھٹکارا پانے کیلئے میرے خیال میں اب پاکستان نے افغانستان میں سٹرائیک کرکے وہاں دہشتگردوں کے ٹھکانے ختم کئے، اب اگر خدانخواستہ کل افغانستان پاکستان میں اس طرح کردے تو یہ جو دہشتگردی کا مسئلہ ہے، یہ کسی اور طرف چلا جائے گا، یہ تو پھر ابھی دہشتگردوں کے ساتھ لڑائی ہے، خدانخواستہ یہ جو مسئلہ ہے، یہ پھر دونوں ریاستوں کے درمیان جنگ چھڑنے کا ایک خطرہ ہے، لہذا بجائے اس کے کہ دونوں ممالک ایک دوسرے پر الزامات لگائیں یا دونوں ممالک ایک دوسرے کی جغرافیائی حدود میں مداخلت کریں، ہونا یہ چاہیئے کہ سفارتی لیول پر، ریاستی لیول پر اس مسئلے کا جو مناسب حل ہے، وہ اگر نکالا جائے تو میرے خیال میں اس مسئلے کا حل نکل سکتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! اگر ہم دیکھیں تو دونوں ریاستوں کا ایک المیہ بہت مشترک ہے اور ہم ساری دنیا کو دیکھ رہے ہیں کہ پاکستان میں بھی اور افغانستان میں بھی مذہب کو سیاسی اختیار حاصل کرنے کیلئے ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے، آپ نے بھی مشاہدہ کیا ہوگا کہ دہشتگردی کا کوئی واقعہ ہوتا ہے، عدالت پر جب حملہ ہوتا ہے تو دہشتگردوں کا یہی مؤقف ہوتا ہے کہ یہ وکیل انگریز کے قانون کی پاسداری کررہا ہے، جج پر اگر حملہ ہو رہا ہے تو دہشتگرد اپنے اس ناجائز حملے کو Justify اس طرح کررہے ہیں کہ انہی عدالتوں میں قرآن پاک کا

قانون نہیں ہے، اسمبلیوں کو ٹارگٹ اسی لئے بنا رہے ہیں کہ بقول دہشتگردوں کے یہ اسمبلیاں جو ہیں جہاں پر ہم بیٹھے ہیں، تو خدانخواستہ ہم انگریز کے قانون کو بنا رہے ہیں یا ہم آگے بڑھا رہے ہیں۔ اسی طرح جب تعلیمی اداروں کو ٹارگٹ بنا رہے ہیں تو وہ لوگ یہی الزام لگا رہے ہیں کہ یہاں پر انگریزوں کا نصاب ہے، اسی طرح این جی اوز کو جب وہ لوگ ٹارگٹ بنا رہے ہیں تو وہ لوگ یہی جواز پیش کر رہے ہیں کہ یہاں پر تو یہودیوں کے ایجنٹ کا کام ہو رہا ہے یا کسی اور ایجنٹ کا کام ہو رہا ہے، تو دونوں ریاستوں کا المیہ یہی ہے کہ مذہب کو سیاسی اختیار حاصل کرنے کیلئے ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے، لہذا دونوں ریاستوں سے مطالبہ ہے کہ ہم دیکھیں، اس کی مثال کے طور پر میں ہندوستان کی مثال پیش کر سکتا ہوں، وہاں ایک ارب کی آبادی ہے، وہاں پر قومیتوں کی تاریخ کو احترام دیا گیا ہے، وہاں پر قومیتوں کی زبان اور کلچر کو تحفظ فراہم کیا گیا ہے، وہاں پر اظہار رائے کی آزادی ہے، وہاں پر آئینی اور قانونی حقوق کو یقینی بنانے کیلئے عملی اور سنجیدہ اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، یہاں پر یہ سارے مسائل اکٹھے ہو گئے ہیں، پچھلے چالیس سال سے ہم دیکھ نہیں رہے، آج بھی ہم بیٹھے ہیں، تو میرے خیال میں سارے ملک میں Uncertainty کے جو حالات ہیں، اسی طرح یہاں پر ہیں، اسی طرح افغانستان میں ہیں، لہذا میری بات کا لب و لباب صرف یہی ہے کہ دونوں ریاستوں کو بیٹھنا ہو گا اور اپنی قوم پر رحم کرنا ہو گا، دونوں ریاستوں کو مصلحتوں سے نکلنا ہو گا اور دونوں ریاستوں کو دونوں ممالک کے اندر شخصی ملیشیا کو ختم کرنا ہو گا، دونوں ریاستوں کے اندر رہتے ہوئے جتنی بھی زبان، نسل، قوم کے لوگ ہیں، ان کو تحفظ فراہم کرنا ہو گا، دونوں ریاستوں کو مذہب کو As ہتھیار، سیاسی اختیار حاصل کرنے کیلئے اسی پریکٹس کو Discourage کرنا ہو گا، ختم کرنا ہو گا۔ ہم مبارکباد دیں گے ان شاء اللہ جب یہ دو ممالک بنیادی طور پر اگر سنجیدہ اقدامات اٹھانے کیلئے کھڑے ہو گئے، وہی دن ان شاء اللہ دونوں ممالک میں امن کی نوید لائے گا۔ تھینک یو سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: یہ ریزولیوشن میں ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں۔ Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Member-----

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی، عنایت خان، پلیز عنایت اللہ۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر صاحب! اس پر تو اختلاف نہیں ہے کہ دونوں ریاستوں کو بیٹھ کر بات کرنی چاہیئے اور اس پر بھی اختلاف نہیں ہے، جو ان کی ریزولیوشن کے Contents ہیں کہ دہشتگردی کی بحیثیت مجموعی یہ اسمبلی مذمت کرتی ہے، ظاہر ہے کہ انہوں نے جو تفصیلات بتائی ہیں کہ مذہب کو ہتھیار کے طور پر استعمال نہیں کرنا چاہیئے اور اس پر ہمارا موقف ان سے Different ہو سکتا ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان کے کانسٹی ٹیوشن کے اندر مذہب کو ایک دستوری حیثیت حاصل ہے، مذہب اسلام کو اس ملک کا سرکاری مذہب قرار دیا گیا ہے، قرآن وسنت کو قوانین کا بنیادی ماخذ قرار دیا گیا ہے، قرآن وسنت کے حوالے سے لکھا گیا ہے کہ جو قانون اس سے Contradict کرے گا، وہ قانون کالعدم ہو گا، وہ ایسا ہو گا کہ گویا اس کا وجود ہی نہیں ہے، اسلئے یہ جو Base ہے پاکستانی ریاست کا، اس Base کو سچی بات ہے کہ Controversial نہیں بنایا جا سکتا ہے، یہ اپنی جگہ Intact رہے گا، باقی بالکل ان کی اس بات سے میں Agree کرتا ہوں کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان یہ جو Proxy War کی سیچویشن ہے، یہ ریاست کی جو بنیادی پالیسی ساز ادارے ہیں، ان کو مل کر اس کے اوپر Openly ایک دوسرے کے ساتھ بات کرنی ہو گی اور یہ اس کا حل نہیں ہے کہ ہم افغانستان کے اندر جا کر Raid کریں گے تو اس سے مسئلے کا حل نکلے گا، اسلئے ریزولیوشن کے جو Contents ہیں، ان کے ساتھ ہم اتفاق کرتے ہیں اور یہ جوائنٹ ریزولیوشن جس طرح بات ہوئی بن جائے تو اس کو Unanimously approve کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: میڈم انیسہ زیب! کچھ بات کرنا چاہتی ہیں اس پر۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی (وزیر معدنیات): شکریہ، جناب سپیکر! سردار بابک صاحب نے جو ریزولیوشن موو کی ہے، میں سمجھتی ہوں کہ اس وقت یہ ایک آواز ہے پوری قوم کی، اور اس کے Contents سے میرے خیال میں اس وقت کوئی بھی پاکستانی انکار نہیں کر سکتا، پاکستان اور افغانستان دو ہمسایہ ملک ہیں اور ان کے مابین کئی دہائیوں سے بہت سی مشکلات ان کو درپیش ہیں، خاص طور پر جو پاکستان کے مغربی صوبے ہیں ان کو، میں سمجھتی ہوں کہ بنیاد جو ہے وہ ریزولیوشن میں بالکل ٹھیک ہے، الفاظ شاید جو انہوں نے بیان کئے، اس کے اندر کچھ Contents ہیں جس پر عنایت اللہ خان نے بھی اپنا وہ دیا جو کہ As such مجھے ریزولیوشن میں نظر نہیں آیا، ہم سمجھتے ہیں کہ اس وقت یہ بہت ضروری ہے اور یہ اپیل قومی

وطن پارٹی کی لیڈر شپ نے بھی کی افغانستان کی قیادت سے اور وہاں کے جو سیاسی عمائدین ہیں کہ اس وقت ضرورت اس بات کی نہیں ہے کہ ہم اس وقت اپنی انا اور کسی اور بیرونی ممالک کے Interference کی وجہ سے اپنے گھر برباد کریں کیونکہ یہ بات تو طے شدہ ہے کہ ہم ہمیشہ سے یہ بات کہتے رہے ہیں کہ پاکستان میں امن قائم کرنے کیلئے اس بات کی ضمانت تبھی دی جاسکتی ہے کہ جب افغانستان میں امن قائم ہو اور دیرپا امن قائم ہو اور اس کیلئے ہمیشہ پاکستان کی طرف سے خیر سگالی کا اگر کوئی جذبہ ہے، وہ سامنے رہا اور ہر طرح کی امداد بھی کی تھی لیکن افسوس ہے کہ بعض ناگزیر وجوہات جس میں Non-state actors کا بھی ایک بڑا Pivotal role ہے، تو ان تمام چیزوں کے ساتھ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ Condemnable ہے اور اس ہاؤس کو چاہیئے کیونکہ خاص طور پہ پشاور اور خیبر پختونخوا اور افغانستان کے حوالے سے جو ہمارے Adjoining علاقے ہیں، یہ بہت اہمیت کے حامل ہیں کہ یہاں پہ امن کیلئے ہم صحیح طریقے سے حکومت پاکستان اور ہم سب مل کے پورا ملک کوشش کرے اور جتنی ہماری سیاسی قیادت ہے، میں بھی اس بات پہ عنایت اللہ خان صاحب کو سپورٹ کروں گی کہ اچھا ہے کہ یہ ایک جوائنٹ ریزولیوشن کے طور پر آجائے اور جتنی پولیٹیکل پارٹیز ہیں، ان کی طرف سے ان کے نمائندے اس پہ اپنی رائے دیں تاکہ ایک اچھا پیغام جائے اور اس بات کو ہم سب لوگ سپورٹ کریں کہ افغانستان اور پاکستان بیٹھ کے سیاسی طریقے سے اپنے مسائل کا حل نکالیں اور اس مسلک کے ساتھ نبرد آزما ہوں اور یہ بات طے شدہ ہے کہ بہت سی ایسی قوتیں ہیں جو اس وقت چاہتی ہیں کہ ہم لوگ ایک دوسرے کے سامنے آجائیں جو کہ اس علاقے اور اس پورے خطے کے مفاد میں ہرگز نہیں ہے۔

جناب سپیکر: عاطف خان! فیصل صاحب! آپ اس کے بعد۔

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جیسا کہ باقی ممبران، خواتین و حضرات نے بھی ذکر کیا، ایک Terror کی Wave آئی ہے اچانک سی پورے پاکستان میں اور کافی عرصہ ہو گیا تھا، امن ہو گیا تھا کافی مہینوں سے، لیکن اچانک سا یہ مسئلہ ہوا ہے اور ایک جگہ نہیں ہوا، نہ ایک صوبے میں، نہ ایک ایریا میں بلکہ ہر جگہ ہوا ہے، تو میرے خیال میں تو کچھ مہینوں سے ہمیں یہ لگ رہا تھا کہ ایسے حالات بن رہے ہیں کہ Specially ہمارے صوبے کا بہت اچھا ایک مستقبل لگ رہا تھا، انوسٹمنٹ آنا

شروع ہو گئی تھی، ٹورازم بہتر ہونا شروع ہو گئی تھی، کافی ساری چیزیں بہتری کی طرف روانہ ہو گئی تھیں، بالکل میں Agree کرتا ہوں کہ ایسے ملک یا ایسے ممالک ہیں جو یہ نہیں چاہتے کہ یہاں پر ترقی ہو، یہاں پہ امن ہو، یہاں پہ کاروبار پھیلے، یہاں پہ انوسٹمنٹ آئے، تو اس کی طرف خصوصاً افغانستان کے ساتھ بھی ہمارے تعلقات بہتر ہونے چاہئیں لیکن جو ایجنسیز ہیں، ان کو زیادہ 'کوآپریٹ' کرنا پڑے گا ایک دوسرے سے اور پھر Specifically نیشنل ایکشن پلان پہ خصوصی توجہ دے کر اس کے اوپر کام کرنا پڑے گا زیادہ Seriously، کیونکہ اس میں جو چیزیں تھیں، کچھ چیزوں پہ عمل ہوا ہے، کچھ پہ عمل نہیں ہوا لیکن بہر حال پوری قوم متفق تھی اور اس کے ریزلٹس بھی کافی حد تک بہتر آئے تھے، یہ جو Wave آئی ہے، اس کے علاوہ کافی بہتری آئی تھی، تو میں کہتا ہوں کہ جتنے بھی ادارے ہیں ملک کے، پوری لیڈرشپ کو بیٹھ کے دوبارہ اس کو Resolve، ایک دفعہ پھر سے Renew کرنا چاہیئے جس طرح ایک حادثہ ہوا تھا، اس کے بعد ساری پارٹیز سارے لوگ مل کے بیٹھے تھے اور ایک متحدہ آواز آئی تھی پوری قوم کی طرف سے Terrorism کے خلاف، تو میرے خیال میں دوبارہ سے ایک ایسی کوشش کرنی چاہیئے جو صوبے کے لیول پہ بھی اور Specially سنٹر کے لیول پہ بھی، کیونکہ یہ ایسے اقدامات ہیں کہ یہ صرف ایک صوبہ یا ایک علاقہ اس کو حل نہیں کر سکتا، اس کو پورے ملک کے لیول پہ پوری ایجنسیاں بیٹھ کے، پوری پولیٹیکل پارٹیز بیٹھ کے حل کر سکتی ہیں۔ تو میرے خیال میں کچھ عرصے سے یوں لگ رہا تھا کہ بہت اچھا مستقبل آنے والا ہے ان شاءاللہ تعالیٰ، مایوس نہیں ہونا چاہیئے لیکن یہ ان ممالک کا یا اس ملک کا مجھے خصوصاً یہ کام لگتا ہے کہ جو یہ دیکھ رہے تھے کہ جی کوئی بہتری کی طرف چیزیں جانا شروع ہو گئی ہیں اور اس کو واپس وہ پرانے دور پہ لانا چاہتے تھے، تو میری تو یہ ریکویسٹ ہو گی کہ فیڈرل گورنمنٹ بھی اور پروانشل بھی، میں چیف منسٹر صاحب سے بھی بات کروں گا کہ ہم لوگ جتنی بھی ایجنسیز ہیں، جتنی بھی پولیٹیکل پارٹیز ہیں، دوبارہ سے ایک نئے Resolve کے ساتھ بیٹھ کے پھر سے ایک، جس طرح اے پی ایس کے واقعے کے بعد ایک Collective آواز آئی تھی اور ایک کوشش ہوئی تھی، دوبارہ اس طرح کی ایک کوشش کی جائے۔ بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> راجہ فیصل زمان! راجہ فیصل ایک منٹ!

راجہ فیصل زمان: بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ سر! میں بھی بابک بھائی کی ریزولیوشن سے Agree کرتا ہوں اور یہ مشتر کہ ہے اور آپ نے نوٹ کیا ہوگا کہ ہم سیاسی لوگ جب بھی سیاسی میدان کھول دیتے ہیں اور ایک دوسرے کے گریبانوں تک جاتے ہیں تو یہ واقعات تب ہوتے ہیں، ہمیں بھی سوچنا چاہیئے کہ ہمیں اس حد تک نہیں جانا چاہیئے کہ ہمارے دشمن کو اس کا فائدہ ہو اور آپ کا دشمن جو افغانستان میں بیٹھ کے اس سے کام کروا رہا ہے، وہ آپ سے کوئی پوشیدہ نہیں اور ہمیں Border managing کرنی چاہیئے۔ میری بہن نے پہلے کہا تھا تو ملٹری کورٹس کے حوالے سے بھی ہمیں سوچنا پڑے گا کیونکہ وہ جب آتے ہیں، وہاں سے مار کے چلے جاتے ہیں اور ہمیں اپنے دشمن کا بھی پتہ ہے کہ بیٹھا کدھر ہے اور ہم کر کچھ نہیں سکتے، تو اے پی ایس کے لوگ، جن کے بچے شہید ہوئے تھے، آج بھی وہ لوگ آئے تھے سر! آج بھی ان کے زخم ویسے ہی ہیں جیسے آج سے دو سال پہلے تھے، وہ آج بھی یہی چاہ رہے تھے کہ ہماری کوئی دادرسی کی جائے۔ سر! ہم کب تک لاشیں اٹھاتے رہیں گے، کب تک یہ قراردادیں پیش کرتے رہیں گے اپنے دل پہ مرہم لگانے کیلئے؟ ہم سب کو سوچنا چاہیئے کہ ہم جب اس ہاؤس میں اکٹھے ہوئے ہیں تو ہمیں اپنے لوگوں کا مفاد دیکھنا چاہیئے، ہماری پھر بھی کچھ نہ کچھ سیکورٹی ہو جائے گی، غریب آدمی کی کوئی سیکورٹی نہیں ہے، اس کی سیکورٹی کرنے والی ایک اللہ کی ذات ہے، ہم تو اللہ سے مانگیں گے کہ اللہ تعالیٰ ہر بندے کی حفاظت کرے، اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنا محتاج کرے، کسی اور کا محتاج نہ کرے لیکن ہم سب کو اکٹھارہ کے اس مسئلے کا حل ڈھونڈنا چاہیئے، یہ ایک ایسی وباء ہے جس میں نہ آپ اپنی Election campaign کر سکتے ہیں، نہ آپ باہر نکل سکتے ہیں، نہ آپ باہر نکل کے جلسے کر سکتے ہیں، یہ ہمیں سوچنا ہوگا، قومی ایکشن پلان پہ ہم سب کو اکٹھا ہونا پڑے گا، ہمیں ایک ہو کے چلنا پڑے گا ورنہ ہمارے لئے آگے چلنا بڑا مشکل ہو جائے گا، اس میں بابک بھائی کی جو ریزولیوشن ہے، اس کو ہم Fully support کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: سلیم چترال! پیپلز پارٹی۔

جناب سلیم خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب! آج دہشتگردی کے حوالے سے جو ریزولیوشن ہاؤس کے سامنے Put ہوئی ہے، میں اپنی جانب سے اور پاکستان پیپلز پارٹی کی طرف سے اس کو سپورٹ کرتا ہوں۔ جناب سپیکر! یہ دہشتگردی کے جو واقعات ہیں، یہ کوئی نئے نہیں ہیں، یہ کافی عرصے سے ہمارے ملک میں

چل رہے ہیں، بہت ساری قربانیاں بھی ہم دے چکے ہیں اور بہت ساری اس کے اوپر ڈسکشن بھی ہو چکی ہے، مذمتی قرار دادیں بھی ہو چکی ہیں مگر یہ سلسلہ ختم ہونے والا نہیں ہے اور اس حوالے سے یقیناً جو نیشنل ایکشن پلان بنا ہوا تھا، میں سمجھتا ہوں کہ آج تک اس کے اوپر جس طرح سے عملدرآمد ہونا چاہیئے تھا، وہ نہیں ہوا ہے جس کی وجہ سے دہشتگرد اس ملک کے اندر پھر سر اٹھانے لگے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! ہمارے ملک کے اندر، ہمارے صوبے کے اندر بہت اچھا آپریشن ہوا آپریشن 'ضرب عضب' کے نام سے، بلوچستان کے اندر آپریشن ہوا دہشتگردی کے خاتمے کیلئے، سندھ کے اندر، کراچی کے اندر آپریشن ہوا دہشتگردی کے خاتمے کیلئے، آخر پنجاب کے اندر یہ آپریشن کیوں نہیں ہو رہا؟ حالانکہ یہ دہشتگرد پنجاب کے اندر بھی اپنا ایک Base بنائے ہوئے ہیں، جب بھی پنجاب کی بات آتی ہے تو اس کو ٹال دیا جاتا ہے، آج آپ کے سامنے واقعات ہوئے، پنجاب اسمبلی کے اندر اتنا بڑا واقعہ ہوتا ہے اور دہشتگرد وہاں تک جا کے پہنچ چکے ہیں، تو مجھے سمجھ نہیں آرہی ہے کہ پنجاب کو کیوں بچایا جا رہا ہے؟ میرا مطالبہ یہی ہے کہ پنجاب کے اندر جہاں جہاں یہ دہشتگرد گھسے ہوئے ہیں یا ان کے سہولت کار ہیں، ان کا بھی خاتمہ ہونا چاہیئے۔ دوسری بات یہ کہ ہمارے سفارتی تعلقات کچھ اچھے نہیں ہیں، خاصکر ہمارے دوست ممالک جو ہیں، افغانستان ہمارا برادر اسلامی ملک ہے، اس کے ساتھ ہمارے تعلقات اتنے خراب کیوں ہو چکے ہیں؟ ہم کوئی بات ان کے ساتھ ٹیبل پہ بیٹھ کے جا کر کرتے ہیں تو اس کے اوپر عملدرآمد کیوں نہیں ہوتا؟ یہ دہشتگرد اگر ہمارے ملک میں ہیں یا افغانستان کے اندر ہیں، دونوں ممالک کو بیٹھ کے ان کے خاتمے کیلئے سوچنا چاہیئے کہ ان کا خاتمہ کس طرح کیا جائے اور دوسری بات یہ کہ ہمارے پاس ایک 'فل ٹائم' وزیر خارجہ نہیں ہے جو کہ ان سارے تعلقات کو اچھا کرے، ان کو بہتر کرے اور یہ سارے ایشوز ان ممالک کے ساتھ Take-up کرے اور یہی میرا مطالبہ ہے کہ ایک 'فل ٹائم' وزیر خارجہ ہونا چاہیئے جو کہ سارے تعلقات کو بہتر بنا سکے۔ باقی جناب سپیکر! میری Suggestions یہی ہیں کہ بہت بڑا بارڈر ہمارے خیبر پختونخوا کے ساتھ، بلوچستان کے ساتھ لگا ہوا ہے افغانستان کا، جو بالکل کھلا پڑا ہوا ہے، ہر ایک کی مرضی ہے کہ کون کس وقت آتا ہے، وہ کیا کرتا ہے؟ بارڈر مینجمنٹ کیلئے کوئی خاطر خواہ پلان ہونا چاہیئے ہمارے پاس، اس کیلئے ایک بہترین بجٹ ہونا چاہیئے تاکہ جو

دہشتگرد افغانستان کے اندر ہیں، وہ اس ملک میں نہ گھس سکیں اور اس کیلئے ایک Proper mechanismاور انتظام ہمارے پاس ہونا چاہیئے، تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: جی مفتی فضل غفور! ہر ایک پارٹی کو ایک ایک موقع دیتے ہیں تاکہ وہ اپنا مؤقف بتائیں، اسلئے میں نے تمام پارٹیز کو۔۔۔۔۔۔

مولانامفتی فضل غفور: شکریہ۔ جناب سپیکر! دا کوم قرارداد چې موؤ کړے شو د دهشتگردئ د واقعاتو په مذمت کښې او د دغه اسبابو د عواملو د ختمولو په حواله باندې جمعیت علماء اسلام د ډیر وخت نه د دې حامی او حصه دار دے ، جناب سپیکر! بې گناه خلق خو که په بنوں کښې شهیدان کیږی، که په حیات آباد کښې، که په سیهون شریف کښې، زه به دا اووایم چې پرون په چارسده کښې یوه ډیره لویه اندوهناکه واقعه شوې ده چې د جمعیت علماء اسلام د ایم سی تهری امیر مولانا کلیم الله صاحب چې په ټارگټ کلنگ کښې شهید کړے شوے دے او هغه د هغه ځائې یو ډیر ښه مذهبی شخصیت وو، نو په دې جنگ کښې ټول سوزی، پکار دا ده چې په دې باندې یکساں مشترکه مؤقف اپناؤ کړے شی او چې کوم اختلافی او متنازعه خبرې دی، هغه د د دې نه لرې کړے شی نو بهرحال د دې قرارداد چې کوم متن دے ، تر هغې پورې خو زمونږ اتفاق شته، البته د دې اسباب څه دی، د دې عوامل څه دی، په دې جنگ کښې څوک ایندهن جوړیږی، دواړو طرفونو ته تنخواه د کوم ځائي نه ملاویږی؟ Indirect، بلواسطه کومو کومو طریقو سره دا خلق Facilitate کیږی، هغه د نیشنل لیول پالیسی ده، که هغه دلته مونږ ډسکس هم کړو، د هغې سویلین گورنمنټ سره هسې هم څه اختیار نشته او بیا چې په صوبائی لیول باندې شی نو زما په خیال د هغې څه فائده نشته خو بهر حال بیا هم پکار دا ده چې څومره سټیک هولډرز دی او څومره چې د حکومت، د محکمې ذمه دار زمونږ کوم ورونړه دی، هغوی په دې باندې Focus کړی او دا زمونږ د ټولو یو مشترکه ذمه داری ده چې دا مونږ سپورټ کړو، لهذا جمعیت علماء اسلام د دې بهرپور حمایت کوی جی۔

جناب اعزاز الملک: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: ہاں جی، اس قرارداد کے بارے میں بات کرتے ہیں؟

جناب اعزاز الملک: جی۔

جناب سپیکر: جی، قاری اعزاز الملک افکاری۔

جناب اعزاز الملک: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! ډیره شکریه۔ بابک صاحب چې کوم قرارداد پیش کړو، زه د هغې سره اتفاق لرم خو:

دل کے پھپولے جل اٹھے سینے کے داغ سے
اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

مونږه د دې پاکستان څلورمه صوبه یو او دا قسم پالیسی او فیصلې په بین الاقوامی سطح مرکزی حکومتونه کوی، دا زمونږ د دې پاکستان لویه بدقسمتی ده او زمونږ د وزارت خارجه او داخله ناکامه پالیسی ده چې ستر کال زمونږ او ستاسو اوشو په دې وطن کښې خو مونږ دوست او دشمن اونه پیژندو چې څوک دوست دے، د هغه سره دوستی پکار ده او چې څوک دشمن دے د هغه سره دشمنی پکار ده؟ اوؤه سمندره لرې امریکې ته لاس ورکوؤ او خپل نزدې ګاؤنډ کښې افغانستان مو خپل دشمن جوړ کړے دے، پکار خو دا وه چې ګاؤنډی ملکونه بشمول هندوستان چې هغوی سره زمونږ کومه تنازعه د کشمیر روانه ده، د هغې بین الاقوامی طور حل پکار دے، د اقوام متحده د قراردادونو مطابق د هغې علاج او بندوبست پکار دے خو دا کار مونږ اونکړے شو او خپله باندې مو افغانستان نه د بین الاقوامی جدوجهد یوه منډئ جوړه کړې ده او انډوخر مو جوړ کړے دے او د هغې په نتیجه کښې چې ګاؤنډ کښې هور بلیږی، دا یقینی خبره ده چې د هغې اثرات به دلته مرتب کیږی، د دې وجې نه مونږ د دې خبرې غندنه کوؤ چې دهشتګردی که یو فرد کوی، د هغې هم مذمت کوؤ، د هغې هم مذمت پکار دے، دا که ریاست کوی، د هغې هم مذمت پکار دے، دا ټولې دهشتګردئ دی خو جهاد او دهشتګردئ کښې فرق پکار دے، اسلام یو واضحه مذهب دے، د جهاد او د دین چې ټولې پهلو، یو پهلو هم د هغې نه بهر نه ده، د کور د ژوند نه واخلئ تر ریاسته پورې او د دعوت او تبلیغ نه واخلئ تر جهاد پورې، دا غونډې د جهاد شعبې دی، د دې وجې نه جهاد خو د دې نوم نه دے چې کلی به تباه کوئ چې د ظلم او د جبر خلاف جهاد کوئ، جهاد خو د دې نوم دے

چې په زنانوؤ به لاس نه اوچتوئ، د هغې اجازت اسلام نه دے ورکړے، جهاد خو د دې نوم دے چې په سپين ږيرو، بوډاګانو او ماشومانو باندې به لاس نه اوچتوئ. ورونړو! جهاد خو د نبی اکرم ﷺ او د الله حکم دے، د څلورو سوؤ نه زيات آياتونه په دې قرآن عظيم الشان کښې د جهاد په باره کښې موجود دی، دا ګډ مډ کول، دهشتګردی او جهاد، په دېکښې پېچان او فرق پکار دے، اسلام هم محض چې څنګه بابک صاحب خبره اوکړه، دا د رسوماتو نوم نه دے يوائې، دا يوائې د عباداتو نوم نه دے، هر شے په دې اسلام کښې موجود دے او زمونږ يو مکمل ضابطه حيات دے، نو څه شے ئې پريښودے نه دے خو دا فرق پکار دے چې په دې پاکستان کښې دننه مونږ ټولې دينی مدرسې ولې د جهاد او د دهشتګردئ مرکزونه ګڼړو، مدرسې د دې پاکستان د حفاظت د پاره نوے نسل تياروی، د هغوی ذهنونه د اسلام او د پاکستان د دفاع د پاره تياروی، نو ټولو مدارسو ته په يو نظر باندې کتل، دا دانشمندی نه ده، د دې وجې نه زما دا عرض دے، اوس حافظ سعيد صاحب جهاد کوی او هغه نظر بند دے نو که دا د دې پاکستان دشمن وی نو بې شکه نظر بندی نه بيا ئې خو پهانسی پکار ده خو که دې وطن کښې جهادی تنظيمونه د پاکستان د دفاع جنګ کوی نو بيا په دهشتګردو کښې او مجاهدو کښې فرق پکار دے، رضاکار خلق هغه د خپل ځان دشمنان نه دی جوړول پکار، پاکستان د ټولې دنيا د سازشونو مرکز دے، اته لکهو نه زيات انډين آرمی زمونږ په دې باره ر باندې پرته ده، د چونتيس ملکونو نه زيات فوځونه په افغانستان کښې پراته دی، د دې وجې نه دا پاکستان زمونږ کور دے، کوم خلق چې د دې کور حفاظت راسره کوی، د هغې مرسته پکار ده، څوک چې حقيقی معنو کښې د دې وطن دشمنان دی، د هغوی خلاف هر قسم حربه استعمالول پکار دی خو دوست او دشمن کښې فرق پکار دے، جهاد او دهشتګردئ کښې فرق پکار دے او د اسلام چې کومه عالمی فلسفه ده چې:

جلال بادشاہی ہو کہ جمہوری تماشہ ہو

جدا ہو دین سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: شکریه جی، ریزولیوشن زه د اسمبلئ د ټولو معززو اراکینو مخې ته ایږدم، Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Members, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously.

ریزولیوشن پاس شو او زمونږ چې نن کومه ایجنډا وه نو هغه به په بله ورځ باندې واچوؤ ځکه چې Time is very short، دا به مونږه بله ورځ واخلو۔ The session is adjourned till 03:00 pm Monday, 26th February, Sorry 27th February.

---

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 27فروری2017ءبعداز دوپہر دوبجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)